PR NO25

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، علاقائی دفتر، پشاور

Press Release

وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں سرکاری ادارے کوتاہی نہ کریں۔اعجاز احمد قریشی

سال 2023ء میں شکایات کی تعداد ایک لاکھ نوے ہزار سے بڑھ جائے گی

پشاور( )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ سال 2023ء میں وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کی تعداد ایک لاکھ نوے ہزار سے بڑھ جانے کا امکان ہے، ہمارے افسران دور دراز علاقوں میں جا کر عوام الناس کو مفت ریلیف دے رہے ہیں۔وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں کوتاہی اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، ہم سب پبلک سرونٹ ہیں، غریب آدمی کے جائز مسائل حل کرنا ہمارا فرض ہے اس کے لئے محکموں کو موثر نظام وضع کرنے کی ضرورت ہے۔وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز پشاور میں وفاقی سرکاری اداروں کے صوبائی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کی تعداد ہر سال مسلسل بڑھ رہی ہے، جو وفاقی محتسب پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔سال 2021ء میں یہ تعداد ایک لاکھ دس ہزار تھی جو سال 2022ء میں بڑھ کر ایک لاکھ 64 ہزار ہو گئی۔اس سال اندازہ ہے کہ شکایات کی تعداد ایک لاکھ 90 ہزار سے تجاوز کر جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ہمارے فیصلوں پر عملدرآمد کی شرح 80 فیصد سے زیادہ ہے، انہوں نے سرکاری افسران کو ہدایت کی کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے ایسے افسران کو سماعت کے لئے بھیجا جائے جو فیصلہ کرنے کے مجاز ہوں۔انہوں نے وفاقی اداروں کے صوبائی سربراہان سے کہا کہ آپ اپنے اداروں میں شکایت کنندگان کی شکایات کے ازالے کا موثر نظام وضع کریں تاکہ زیادہ تر شکایات اداروں کے اندر ہی حل ہو جائیں۔وفاقی محتسب نے کہا کہ ہم نے Informal Resolution of Dispute(IRD) کے نام سے ایک پروگرام شروع کر رکھا ہے جس کے تحت ثالثی اور مصالحتی انداز میں شکایات کو نمٹایا جاتا ہے، صوبہ خیبر پختونخواہ میں اس پروگرام کو بہت سراہا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے پاس زیادہ تر شکایات غریب لوگوں کی آتی ہیں جو نہ عدالتوں میں جا سکتے ہیں اور نہ ہی وکیلوں کی بھاری فیسیں دے سکتے ہیں۔یہاں ان کو مفت انصاف ملتا ہے۔ان کے پنشن، انشورنس، نادرا کارڈ جیسے مسائل ہوتے ہیں، انہوں نے سرکاری افسران سے کہا ہے کہ آپ ان کے مسائل کو اپنے اداروں میں حل کر دیں تو ہمارے پاس شکایات کا بوجھ بھی کم ہو گا اور غریب لوگوں کی دعاؤں سے آپ کو جو اطمینان قلب حاصل ہو گا، اس کا کوئی نعم البدل نہیں۔اجلاس میں تمام سرکاری اداروں کے سربراہان نے وفاقی محتسب کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

04 اگست 2023ء